نوجوان بیٹر اذان اویس اپنے پہلے ہی فرسٹ کلاس سیزن کی کارکردگی سے خوش

- قائداعظم ٹرافی میں چار سنچریوں اور دو نصف سنچریوں کی مدد سے 844 رنز اسکور کیے
- اوپنر بیٹر کی حیثیت سے طویل اننگز کھیلنے کی ذمہ داری کو محسوس کیا۔ اذان اویس

لاہور، 6 جنوری2024ء:

سیالکوٹ نے پشاور کے خلاف فائنل میں ایک وکٹ کی ڈرامائی کامیابی سے تیسرا قائد اعظم ٹرافی ٹائٹل اپنے نام کیا۔ اس ٹورنامنٹ میں سیالکوٹ نے آٹھ میچ کھیلے، پانچ جیتے اور تین ڈرا ہوئے۔

سیالکوٹ کی اس کارکردگی میں بیس سالہ بائیں ہاتھ کے اوپنر اذان اویس کی بیٹنگ قابل ذکر رہی جنھوں نے 13 اننگز میں 76.73کی اوسط سے سب سے زیادہ 844 رنز بنائے اور ٹورنامنٹ کے بہترین بیٹر کا ایواڈ اپنے نام کیا۔

ان کے بعد ٹورنامنٹ میں دوسرا سب سے بڑا اسکور پشاور کے معاذ صداقت کا رہا جنھوں نے 11 اننگز میں 646 رنز بنائے۔

اذان جنھوں نے آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ 2024 میں پاکستان کی نمائندگی کی تھی اس سیزن میں اپنے فرسٹ کلاس کریئر کا آغاز نے فاٹا ریجن کے خلاف جناح اسٹیڈیم گوجرانوالہ میں کیا اور 89 گیندوں پر چھ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 51رنز بنائے۔

انہیں فرسٹ کلاس کرکٹ میں اپنی پہلی سنچری بنانے کا موقع اپنے تیسرے ہی میچ میں مل گیا جب انہوں نے شیخوپورہ کے رانا نوید الحسن کرکٹ اکیڈمی گراؤنڈ میں ڈیرہ مراد جمالی کے خلاف 219 گیندوں پر 20 چوکوں کی مدد سے 130 رنز بنائے اور عاشر محمود کے ساتھ 312 رنز کی اوپننگ پارٹنرشپ قائم کی ۔

اپنے پہلے فرسٹ کلاس سیزن بارے میں اذان اویس کا کہنا ہے" میں نے اپنے پہلے فرسٹ کلاس سیزن کا واقعی لطف اٹھایا ہے اور ان تجربات سے بہت کچھ سیکھا۔ ٹیم انتظامیہ اور سینئر کھلاڑی بہت سپورٹ کر رہے تھے۔ مختلف حالات میں اپنی ٹیم کے لیے رنز بنانے سے واقعی میرے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔

اذان نے ٹورنامنٹ کا اختتام چار سنچریوں اور 203 ناٹ آوٹ کے سب سے زیادہ اسکور کے ساتھ کیا جو انہوں نے ایبٹ آباد کرکٹ اسٹیڈیم میں سہ فریقی مرحلے کے میچ میں پشاور کے خلاف کھیلی۔ وہ 407 گیندوں پر 27 چوکے لگا کر میدان میں رہے جبکہ اننگز کا دوسرا بہترین اسکور نمبر چار بیٹر محسن ریاض کا 64 تھا۔

طویل بیٹنگ کرنے اور بڑا سکور کرنے کی اپنی صلاحیت کے بارے میں ان کا کہنا ہے کہ انہوں نے گزشتہ چھ مہینوں میں سخت محنت کی ہے جس کا انہیں فائدہ پہنچاہے۔

"میں پاکستان انڈر 19 سیٹ اپ سے فرسٹ کلاس کرکٹ میں آنے کے دوران بہت محنت کر رہا ہوں اور اپنے ریجن کے کوچز خاص طور پر منصور امجد کے ساتھ کام کیا ہے اور پینتھرز) چیمپیئنز ایونٹس میں ڈومیسٹک ٹیم (کے کوچنگ سیٹ اپ نے بھی میرے کھیل کو تبدیل کرنے میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔

قائد ٹرافی کے دوران طویل بیٹنگ کرنے کا ارادہ سنچری جیسا سنگ میل عبور کرنے کے بعد بھی توجہ کے ساتھ بیٹنگ کی اہمیت کو سمجھنے سے پیدا ہوا اور دوسری بات یہ کہ ایک اوپننگ بیٹر کے طور پر میں نے یہ ذمہ داری محسوس کی کہ ایک اینڈ پر ٹھہرنا بہت ضروری ہے کیونکہ ڈیوک گیند کے خلاف آپ کی ٹیم جلدی وکٹیں گنوا سکتی ہے۔

اذان نے 2024 کا آغاز پاکستان انڈر 19 کے ساتھ دورہ جنوبی افریقہ میں کیا تھا جس کے بعد پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ٹو میں صابر پولٹری کے ساتھ غیر فرسٹ کلاس تین روزہ میچوں میں 504 رنز اسکور کیے۔ وہ اسلام آباد میں بنگلہ دیش اے کے خلاف ہوم سیریز میں پاکستان شاہینز وائٹ بال ٹیم کا حصہ بھی تھے۔

اذان کو ستمبر میں چیمپئنز ون ڈے کپ کے دوران لسٹ اے کیپ دی گئی تھی جہاں وہ پینتھرز ٹیم کا حصہ تھے۔

سیالکوٹ سے تعلق رکھنے والے اذان اویس کیلئے اگلا چیلنج پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون ہے جو 8 جنوری سے شروع ہو رہی ہے، یہ ایک ڈپارٹمنٹل فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ ہے جس میں وہ ایشال ایسوسی ایٹس کی نمائندگی کریں گے۔

-ENDS-

Media contact:

Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial